نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی بہتر پیداوار کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور07جولائی2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکارچاول کی اچھی پیداوار کے لیے کھیت میں پنیری منتقل کرنے سے پہلے 10 تا 15 دن تک پانی کھڑا رکھیں اور پھر کدو کریں جبکہ پانی کی کمی کی صورت میں کدو کرنے کے لیے کھیت میں 7 دن تک پانی کھڑا کیا جائے اور پانی کی شدید کمی کی صورت میں کم از کم3 دن تک پانی کھڑا رکھیں۔ دھان کی بہترین پیداوار کے حصول کے لیے زمین کو اچھی طرح ہموار کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ دھان کے کاشتکار پودوں کی فی ایکٹر تعداد 1 لاکھ 60 ہزار رکھیں یعنی پودوں اور لائینوں کا باہمی فاصلہ 9 انچ رکھتے ہوئے 80 ہزار سوراخوں میں فی سوراخ 2 پودے لگائیں۔زنک کی کمی دور کرنے کے لیے جو کاشتکار پنیری میں زنک سلفیٹ استعمال نہیں کر سکے وہ لاب لگانے کے 10 دن بعد تک 33 فیصد والا زنک سلفیٹ 6 کلو گرام یا 27 فیصد والا ز نک سلفیٹ 7.5 کلوگرام یا 21 فیصد والا زنک سلفیٹ 10 کلوگرام فی ایکٹرڈالیں

****